© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆اب میں وردی کے خلاف تحریک چلاؤں گا۔(جاوید ہاشمی)

موسم بدلا، رُت گدرائی، اہلِ جنوں آزاد ہوئے

☆لاہور: وکلاء کا ملک بچاؤ ریفرنڈم۔ڈاکٹر عبدالقدیر کامیاب، مشرف کو صرف چھ ووٹ ملے۔(ایک خبر)

عوامی مقبولیت کا تناسب ملاحظہ ہو!

☆اردو میں تعلیم حاصل کرنا وقت کا ضیاع ہے۔(جاوید اشرف قاضی، وفاقی وزیر تعلیم)

اردو ہماری قومی زبان ہے۔(بانیٔ پاکستان محمد علی جناح)

☆امریکہ پر ایٹمی حملے کی صورت میں' مکہ مدینہ پر حملہ کر دیا جائے۔(نان کریڈو، "لعنتی" امیدوار امریکہ)

امریکی اتحادی حکومت' مقدس مقامات پر حملہ کرنے کے بیانات پر ڈوب مرے!(ڈاکٹر طارق چاون)

☆صدر کے پاس ۵۸ ٹو۔بی کا ایک گولی والا پستول بھی ہے جو کسی کے پاس نہیں۔(شیخ رشید)

بدقسمتی کا تو میں قائل ہی نہیں ہوں لیکن
میں نے برسات میں جلتے ہوئے گھر دیکھے ہیں

☆ڈاکٹر قدیر کو سزا ملنی چاہیے۔(بے نظیر)

ملک کو لوٹنے اور دو ٹکڑے کرنے والوں کو کچھ نہ کہا جائے!

☆غازی عبدالرشید کی قبر پر لوگوں کی آمد جاری۔مرقد سے مہک آتی ہے۔(زائرین)

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

☆بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے بی اے/ بی ایس سی پوزیشن ہولڈرز کے والدین نے مخلوط تعلیم کی مخالفت کر دی۔(ایک خبر)

روشن خیالوں کے منہ پر طمانچہ

☆راولپنڈی: نعیم بخاری پر وکلاء کا پتھراؤ۔لاتوں اور مکوں کی بارش، منہ پر تھوکتے رہے۔نعیم بخاری معافی مانگتا رہا۔(ایک خبر)

ہر میر جعفر، میر صادق کا یہی انجام ہوتا ہے۔

☆ڈاکٹر صاحب! آپ اچھے بھلے سرجن تھے' اِدھر کیسے آ گئے۔(صدر پرویز)

جنرل صاحب! آپ یہ سوال پوچھ رہے ہیں؟(ڈاکٹر شاہد مسعود)



© rasailojaraid.com